
© rasailojaraid.com



مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

**ایضاح المعانی فی شرح مقدمہ مختصر المعانی: افادات مولانا نزر سید صاحب فاضل جامعہ فاروقیہ کراچی**

**ضخامت: ۱۵۸ر صفحات قیمت (عام) ۹۰ روپے**

**ناشر: بیت العلم ٹرسٹ بلاک نمبر ۸ گلشن اقبال کراچی**

تلخیص المفتاح علامہ ابوعبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن القزوینی الشافعی رحمہ اللہ کی تالیف ہے۔ یہ کتاب درحقیقت حضرت علامہ شیخ عبدالقاہر جرجانی اور علامہ ابویعقوب یوسف سکاکیؒ کے طرز تحریر کے مابین جمع کرتے ہوئے مفتاح العلوم کی قسم ثالث کی تلخیص کر کے لکھی ہے لکھنے کے بعد چونکہ یہ کتاب نہایت مختصر تھی۔ اس بناء پر آپ نے اس کے بعد ایک اور کتاب لکھی جس کا نام الایضاح رکھا' جو کہ اس کے لئے بمنزلہ شرح کے ہے تلخیص المفتاح چونکہ ایک علمی کتاب ہے اسلئے اس پر مختلف علماء نے قلم اٹھایا اور اس کی تعلیقات اور شروحات لکھیں۔ جن کی تعداد ۱۶ تک پہنچی ہے۔ ان میں سے دو شروحات بہت مشہور ہیں۔ مختصر المعانی اور مطول یہ دونوں شروحات علامہ سعدالدین تفتازانی نے لکھی ہیں۔

مختصر المعانی زمانہ قدیم سے مدارس میں متداول چلی آرہی ہے۔ اور علم معانی و بیان و بدیع کے متعلق اس میں سیر حاصل بحث موجود ہے۔ یوں تو تمام کتاب انتہائی اہم ہے لیکن اس کا مقدمہ جس پر تمام کتاب کی بنیاد استوار ہے وہ خاصے کی چیز ہے۔ مقام شکر ہے کہ مولانا نزر سید صاحب زیدہ مجدہ نے اس کے مقدمہ پر مختصر مگر ایک جامع اور پر مغز شرح لکھی۔ جس کی نمایاں خصوصیات یہ ہیں۔ بلاغت کی اصطلاحات کی تعریفات اور مثالیں استعارات اور مشکل عبارات کا بہترین حل' عربی عبارات کا سلیس ترجمہ وتشریح' مشکل عبارات کی سوال وجواب کی صورت میں وضاحت۔

صاحب افادات کتاب کے پیش لفظ میں رقمطراز ہیں۔ آج سے تقریباً کچھ دس سال قبل اللہ تعالیٰ نے بندہ کو مدرسہ معہد الخلیل الاسلامی میں مختصر المعانی پڑھانے کی توفیق دی اور الحمدللہ تسلسل کے ساتھ چار سال تک پڑھاتا رہا۔ اسی دوران درجہ خاصہ میں ایک ہونہار طالب علم وسیم احمد جو کہ اب فاضل اور مدرس بن چکا ہے

© rasailojaraid.com